# Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, Islamabad Fax:9252682

## پریس ریلیز

**اسلام آباد: 23 دسمبر** 2019ء

**زرعی ترقیاتی بینک کی ٹینس اور شوٹنگ بال 2019 ٹورنامنٹس میں شاندار کامیابی**

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کی مس ماہین آفتاب قریشی اسلام آباد ٹینس کمپلیکس میں کھیلے جانے والے بےنظیر بھٹو شہید نیشنل رینکنگ ٹورنامنٹ 2019 کی چیمپئن قرار پائی ہیں۔ جبکہ 21.12.2019 کو کھیلے جانے بےنظیر بھٹو شہید نیشنل رینکنگ ٹورنامنٹ 2019 میں مسٹر راشد اے ملک مردوں کی دوہری کیٹگری میں 45 اور اس سے زائد میں کامیاب ہوئے ہیں اور یوں چیمپئن شپ اپنے نام کر لی۔

اس طرح زرعی ترقیاتی بینک کی شوٹنگ بال کی ٹیم 22.12.2019 کو حیدرآباد میں کھیلے جانے والی چودھویں نیشنل شوٹنگ بال چیمپئن شپ جیت لی۔ زرعی ترقیاتی بینک کی ٹیم نے سکھر ڈویژن کی ٹیم کو 0-2 ہرا کر ٹورنامنٹ اپنے نام کر لیا اور پورے ٹورنامنٹ میں مسلسل کامیابیاں حاصل کیں۔

(ناصر حسین)

انچارج (تعلقات عامہ)